جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کی سالانہ دستار بندی وتقسیم اسناد:

امسال بھی دارالعلوم حقانیہ کا سالانہ جلسہ دستار بندی اور ختم بخاری شریف کی تقریب مورخہ ۲۵ ستمبر ۲۰۰۳ء بروز جمعرات بعد از نماز ظہر قرار پائی ہے۔ جس میں سینکڑوں فضلاء کرام کی دستار بندی کی جائے گی۔ اس مبارک اور روح پرور تقریب میں بغیر کسی اشتہار اور مدرسے کی طرف سے باقاعدہ دعوت نامہ نہ بھیجنے کے باوجود شرکا کی تعداد ایک لاکھ تک پہنچ جاتی ہے۔ اس میں ملک بھر سے علماء اور مشائخ عظام از خود اطراف عالم سے شرکت کیلئے تشریف لاتے ہیں۔ پاکستان اور خصوصاً صوبہ سرحد میں یہ تقریب ہر لحاظ سے یادگار' منفرد اور یکتا ہوتی ہے۔ قارئین الحق' فضلاء حقانیہ' معاونین حقانیہ اور عامۃ المسلمین کے لئے ختم بخاری شریف کی اس روح پرور تقریب میں شرکت باعث سعادت ہوگی۔

مجلس شوریٰ کا اجلاس:

۲۴ اگست بروز اتوار ۲۰۰۳ء کو جامعہ دارالعلوم حقانیہ کا مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس زیر صدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ مہتمم ادارہ دارالحدیث کے پرانے ہال میں منعقد ہوا۔ تلاوت قران مجید کے بعد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ مہتمم جامعہ نے سال ۲۳'۱۴۲۲ھ کے آمد وخرچ کا تفصیلی میزانیہ پیش کرتے ہوئے جامعہ حقانیہ کے ملکی ملی ودینی خدمات پر سیر حاصل روشنی ڈالی اور ادارہ ہذا کے قبولیت عامہ' روز افزوں ترقی کو اللہ کا خصوصی انعام اور جامعہ کے بانی اور اس کے مخلص ساتھیوں اور معاونین کا عظیم کارنامہ قرار دیا

سال گزشتہ کے آمد اور اخراجات کے بعد سال ۲۴'۱۴۲۳ھ کے لئے مطلوبہ بجٹ مبلغ ایک کروڑ پچیس لاکھ روپے کا میزانیہ جو کہ سال کے لازمی وروزمرہ کے اخراجات پر مشتمل تھا' شوریٰ کے سامنے پیش فرمایا۔ اس کے علاوہ ادارہ کے بعض اہم ترین اور فوری نوعیت کے عزائم ومنصوبے مثلاً جدید مطبخ کی تعمیر' وسیع وعریض جامع مسجد کی ضرورت' ڈسپنسری کا قیام' جدید سہولیات سے آراستہ نئے کتب خانے کے لئے عمارت' اساتذہ وعملہ کے مشاہرات میں اضافہ' نئے کمپیوٹرز کے حصول' اساتذہ ودیگر ملازمین کے رہائشی مکانات کی تعمیر کی طرف اراکین شوریٰ کو متوجہ فرمایا۔ اراکین شوریٰ نے دارالعلوم حقانیہ کے کارہائے نمایاں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے بہترین آراء وتجاویز سے ادارہ کے